سوال

(207)زیورات کی زکوۃ

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

اگر میری بیوی اپنا زیور اپنی تین بچیوں کے نام کر کے رکھ دے تو کیا پھر بھی زکوۃ دینی پڑے گی۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر تو زکوۃ سے بچنے کے لئے یہ حیلہ کیا گیا ہے تو ایسا کرنا بالکل ناجائزاور حرام ہے، لیکن اگر کسی ضرورت کے تحت وہ زیورات اپنی بیٹیوں کو ہبہ کر دیئے ہیں اور اپنے استعمال میں نہیں رکھے تو پھر ہر ایک بیٹی کا نصاب پورا نہ ہونے کی صورت میں اس پر زکوۃ نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی